الیکشن کمیشن آف پاکستان

شکایت جمع کرانے کے لیے ہدایات

اگر آپ نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو شکایت جمع کرانے کا فیصلہ کیا ہے تو درج ذیل نکات کا خیال رکھیں۔

۱)　ثبوتوں کی فراہمی

اپنے کیس کو مضبوط بنانے کے لیے واحد راستہ اپنی شکایت میں مددگار نوعیت کے مؤثر ثبوت فراہم کرنا ہے۔ اگر آپ کے پاس گواہ ہیں تو ان سے ان کے مشاہدہ میں آنے والی انتخابی دھاندلی یا خرابی کے بارے میں تحریری بیان دستخط کرنے کے لیے کہیں۔ خرابی کے ثبوت کے لیے ایک مزید راستہ تصاویر کی فراہم ہے۔

افواہوں پر مشتمل شکایات جمع نہ کرائیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان وصول ہونے والی تمام شکایتوں کا مشاہدہ کرے گا۔ ایسی شکایات جو کہ افواہوں پر مبنی ہوں گی انہیں روک دیا جائے گا اور صرف ثبوتوں کی بنیاد پر وصول ہونے والی شکایات پر الیکشن آفس کے عہدیداران کاروائی کریں گے۔

۲)　اس بات کا خیال رکھیں کہ شکایتی فارم کو مکمل طور پرُ کیا جائے۔

اس بات کو یقینی بنائیں کے شکایتی فارم کو مکمل طور پر اور صحیح معلومات پر مبنی پرُ کیا جائے۔ جرم ہونے کی تاریخ، وقت اور جگہ کے ساتھ ساتھ گواہوں کے نام بھی درج کرنا نہ بھولیں۔

اگر الیکشن کمیشن آف پاکستان انکوائری کے سلسلہ میں آپ سے رابطہ کرنا چاہے تو اس کے لیے آپ کا نام اور رابطہ کے بارے میں معلومات بھی بہت اہم ہیں تا کہ وہ آپ سے رابطہ کر کے آپ کو شکایت کے ازالہ کی معلومات فراہم کریں۔

۳)　شکایت کا جمع کرانا:

آپ اپنی شکایت الیکشن کمیشن آف پاکستان کے کسی بھی آفس میں ڈاک، کوریئر، دستی یا فیکس کے ذریعے سے جمع کرا سکتے ہیں۔